गुनाहों का देवता

گناہوں کا دیوتا

ادا کاران

راج شری ، جیتندر

محمود

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے
گناہوں کا دیوتا ظلم کے لئے

گانا نمبر ۱

میں مرنے چلا ہوں میں مرنے چلا ہوں
اے حسن تیری خاطر میں مرنے چلا ہوں
یہ موت بھی دروازہ ہے
ملنے کا میری جان
مر کر بھی جیا کرتا ہے ہو کر امر انسان
مجنوں کی قسم، رانجھے کی قسم، مرزا کی قسم
ارے میرے باپا جی کی قسم
دادا جی کی قسم، نانا جی کی قسم
ارے پردم جی کی قسم، میں مرنے چلا ہوں
اٹکا ہوا ارمان دل معصوم سے نکلے
عاشق کا جنازہ ہے بڑی دھوم سے نکلے
لیلیٰ کی قسم، شیریں کی قسم، کنبر کی قسم
میں مرنے چلا ہوں
لوگو میرے مرنے پہ تم آنسو نہ بہانا
آجائے میری یاد تو پھر ناچنا گانا
پھجو کی قسم، نانی کی قسم، نان سبن کی قسم
میں مرنے چلا ہوں

گانا نمبر ۲ اور گانا نمبر ۱:—

ہم کو تو برباد کیا ہے اور کسے برباد کرو گے
بھول نہ جانا آج کے دن کو
اک دن ہم کو یاد کرو گے
ترچھی نظر کے تیر چلاؤ
ناز و ادا کی بجلی گراؤ
اف نہ کریں گے ہم بھی تو دیکھیں
کتنے ستم ایجاد کرو گے—
تم چاہو تو جان بھی لے لو
کافر ہو ایمان بھی لے لو
دل والوں سے پالا پڑا ہے
تم بھی بھلا کیا یاد کرو گے
ہم بھی تمہیں بے چین کریں گے۔ پیار میں الٹا رنگ بھریں گے
نیند نہ ہوگی ان آنکھوں میں تڑپو گے فریاد کرو گے

گانا نمبر ۳: تیر آنکھوں کے جگر کے پار کر دو یار تم
جان لے لو یا تو جاں کو نثار کر دو یار تم
تیر آنکھوں کے—
ہم تمہارے دل تمہارا پھر ہمیں ڈر کاہے کا
شوق سے ترچھی نظر کے وار کر دو یار تم
تیر آنکھوں کے—
کب تلک تڑپا کریں گے ہم وفا کی راہ میں

آج اپنے پیار کا اقرار کر دو یار تم
تیر آنکھوں کے —
اپنے آنچل میں چھپا لو اس دل بدنام کو
زندگی کے راستے گلزار کر دو یار تم
تیر آنکھوں کے —
گانا نمبر ۵ - جہاں تھا نیوں پیار کی راہوں کا دیوتا
مجھکو بنا دیا ہے گناہوں کا دیوتا
یہ زندگی تو خواب ہے جینا بھی ہے نشہ
دو گھونٹ میں نے پی لیے تو کیا برا کیا
رہنے دو جام سامنے سب کچھ یہی تو ہے
ہر غم زدہ کے آنسوؤں آہوں کا دیوتا
ہم کو بنا دیا ہے —
قسمت بھی چل رہی ہے ہم سے چال ہر قدم
اک چال ہم بھی چل دیے تو ہو گیا ستم
اب تو چلیں گے چال ہم قسمت کے ساتھ بھی
بس یہ بنا ستمگر کی باہوں کا دیوتا
مجھکو بنا دیا ہے —
ہو گا جہاں بھی روپ ہو جا ہی جائے گا
چاہے جہاں ہو پھول وہ من کو لبھائے گا
ہو کر رہے گا زندگی
میں پیار ایک بار

بس کر رہے گا دل میں نگاہوں کا دیوتا
مجھکو نہ دبا ہے
گانا نمبر ۱۰ میری تقدیر کہاں پر مجھے لے آئی ہے
ساری دنیا میری الفت کی تماشائی ہے
اس لئے لاج کا پردہ ہے میرے چہرے پر
کھل گیا راز تو اس میں میری رسوائی ہے
رام کرے کہیں نیاں نہ الجھے
نینیاں جو الجھیں تو مشکل ہے سلجھیں
رام کرے کہیں ——
آئے نہ جس دن گھر سانوریا
پاگل بن کر ڈھونڈے نجریا
موری کایا ایسے تڑپے
جیسے تڑپے جل بن مچھریا
رام کرے کہیں ——
جس کے کارن سب کچھ چھوڑا
اس نے میرے دل کو توڑا
ہر طوفان میں ساتھ رہا وہ
آ کے کنارے مکھڑا موڑا
رام کرے، رام کرے ——
جس پر مٹنے وہی دل جانے
میری وفا کے یہ افسانے

جان جو مجھ پر دیتے رہے ہیں
آج بے ہیں وہ بیگانے
رام کرے، رام کرے —

گانا ہمیں: — آئے ہیں بڑی دور سے سرکار کے لئے
کب سے تڑپ رہے ہیں دیدار کے لئے
محفل میں شمع چمکی پروانے چلے آئے
اب تو نظر جھکا لو دیوانے چلے آئے محفل میں —
رنگین زمانہ ہے محفل پہ جوانی ہے
جو تیرا فسانہ ہے، وہ میری کہانی ہے
آنکھوں سے تیری پینے مستانے چلے آئے
محفل میں —

جب دل میں محبت ہو، ہوتا ہے اثر دل پہ
بھٹکا ہوا عاشق بھی آجاتا ہے منزل پہ
ہم بھی تو تیرے دل کو بہلانے چلے آئے
محفل میں —

ہر اک ادا میری دیتی ہے دعا تم کو
میری بھی عمر دیدے یہ میرا خدا تم کو
ہم بھی تو تمہارے ہیں خیلانے چلے آئے
محفل میں —

اب تو نظر جھکا لو دیوانے چلے آئے

تمام شد

مکمل مُرغی خانہ مکمل ہر سہ حصّہ

یعنی

تجارتی مُرغی خانہ۔ کامیاب مُرغی خانہ طبیب مُرغی خانہ

جس میں مُرغیوں کے پالنے پرورش کرنے اُنکی نسل افزائی کرنے کے کامیاب طریقے۔ انڈوں سے بچے نکالنا اُن کے ہر مرض کا علاج اور دیگر اہم معلومات درج ہیں۔

قیمت صرف ۱/۴۱ معہ ڈاک خرچ

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زُلف گرہ گیر میں اسیر ہوچکے ہیں۔ اور مطلب براری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ خوشامد کرتے کرتے۔ اور جھڑکیاں سہتے سہتے عاجز آگئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر چل کر کامیابی حاصل کیجئے۔ اب تک اس کتاب کی لاکھوں کاپیاں فروخت ہوچکی ہیں۔ اور ہزار ہا حاجتمند اس سے فائدہ اُٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اُٹھایئے۔

قیمت صرف ۱-۱ روپیہ معہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

ریڈیو گائیڈ

ریڈیو کے کام کو بطور پیشہ اختیار کرنے کے علاوہ شوقیہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کتاب میں آجکل کے تمام ریڈیو رسیور یعنی لوکل سیٹ۔ آل انڈیا ریڈیو سیٹ بجلی اور بیٹری کے ریڈیو ٹرانسمیشن کا پورا پورا بیان ہے۔ اور ان کے رسیو کرنے کا طریقہ اور ٹرانسمیٹر کا پورا پورا حال درج ہے۔ ریڈیو رسیور کے ہر ایک پرزے کی شکل دیکر سمجھایا گیا ہے۔ کتاب ہذا ایک مبتدی یعنی جو آدمی ریڈیو کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتا اس کے لئے ریڈیو کے متعلق بہترین مقالات اور اشارات اور نکات مفصل طور سے درج ہیں۔ قصہ کوتاہ ریڈیو کے متعلق تمام باریکیاں بخوبی سمجھائی گئی ہیں۔ جن کی مدد سے ہر ایک تھوڑی سی مشق اور توجہ کے بعد ماسٹر آف آرٹ بن سکتا ہے۔ عوام ریڈیو کے کاروبار سے تعلق رکھنے والے حضرات آج ہی اس نادر کتاب کی ایک جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے علاوہ محصول ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی